Meeting of Prime Minister with President of Argentina on the sidelines of G-7 Summit

June 26, 2022

وزیراعظم کی جی-7 سربراہ کانفرنس کے پہلو بہ پہلو ارجنٹینا کے صدر سے ملاقات

جون 2022 26

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے ارجنٹینا کے صدر عزت مآب جناب البرٹوفرنانڈیز سے 26 جون 2022 کو میونخ میں جی -7 سربراہ کانفرنس کے شا نہ بشانہ ملاقات کی ۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ پہلی دوطرفہ ملاقات تھی۔ ا نہوں نے 2019 میں قائم شدہ دوطرفہ منصوبہ جاتی شراکت داری پر عمل درآمد میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ، جن میں تجارت اور سرمایہ کاری، جنوب – جنوب تعاون ، خاص طور پر ادویہ سازی کے شعبے میں ، ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق کارروائی ، قابل تجدید توانائی، نیو کلیائی طریقہ علاج، برقی نقل وحرکت، دفاعی تعاون، زراعت اور غذائی تحفظ، روایتی طریقہ علاج، ثقافتی تعاون اوراس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی اداروں کے درمیان تال میل شامل ہیں ۔ دونوں فریقوں نے ان تمام شعبہ جات میں دوطرفہ رابطہ کاری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔

میونخ

جون 2022 26

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.